# عبدیاہ

### ادوم کو سزا ہوگی

یہ عبدیاہ کی رویا ہے میرا مالک خداوند نے ادوم کے بارے میں یہ الہام کیا ہے:

ہم نے خداوند سے سیدھے ایک پیغام حاصل کیا ہے کہ قوموں کے درمیان ایک پیغمبر بھیجا گیا ہے، "ہم لوگوں کو ادوم پر حملہ کرنے دو۔"

### خداوند ادوم سے کہتا ہے

۲ "دیکھو ادوم! میں نے تمہیں قوموں کے درمیان غیر اہم بنایا ہے۔ تمام لوگ تم سے بہت نفرت کریں گے۔

۳ تمہارا گھمنڈی نظریہ نے تمہیں بےوقوف بنایا ہے تم جو چٹانی پہاڑیوں کے غار میں رہتے ہو تم جو عظیم پہاڑی پر رہتے ہو تمہارا گھر اونچے پہاڑوں پر ہے تمہارا تکبرانہ سلوک تمہیں بیوقوف بنائے گا۔ تم اپنے دل میں سوچتے ہو، 'کون مجھے زمین پر لا سکتا ہے۔'"

### ادوم کو نیچے کیا جائے گا

۴ "اگر چہ تم اپنا آشیانہ عقاب کے مانند بلندی پر بناسکتے ہو۔ اگر چہ تم اسے ستاروں کے درمیان رکھ دو، میں تم کو وہاں سے نیچے لاؤنگا۔" خداوند نے فرمایا۔

۵ اگر چور تمہارے پاس آئے اور اگر رات کے وقت ڈاکو آئے تو آہ! تم کیسے برباد ہو جاؤ گے۔ کیا وہ صرف اتنا ہی چوری نہیں کرینگے جتنا انکے لئے کافی ہے ؟ اگر انگور توڑنے والے تمہارے کھیتوں میں آجائے تو کیا وہ کچھ انگور چھوڑ کر نہیں جائینگے ؟

۶ کیسے عیساؤ پوری طرح سے لٹ جائے گا۔ اسکا چھپا ہوا سامان پوری طرح تلاش کر لیا جائیگا۔

۷ تمہارے سبھی حمایتی تم کو دھوکا دینگے اور وہ تم کو ملک سے باہر نکال دیگا۔ تمہارے حمایتی تم پر قابض ہو جائینگے۔ وہ جو تمہارے ساتھ سلامتی رکھتا وہ تمہارے لئے پھندا ڈالے گا۔ وہ لوگ سوچتے ہیں، 'وہ ایسی چیزوں کی امید نہیں کرتے ہیں!'"

۸ خداوند کہتا ہے: "اس دن میں ادوم کے دانشمندوں کو نابود کروں گا اور میں عیساؤ کے پہار سے سمجھداروں کو فنا کردوں گا۔

۹ تیمان! تمہارے جنگجو خوفزدہ ہونگے اور عیساؤ کے پہاڑی علاقے کا ہر شخص برباد ہوگا۔

۱۰ تم کو شرمندہ کیا جائے گا، اور تم سدا کے لئے برباد ہو جاؤ گے، اپنے بھائی یعقوب کے ساتھ تمہارے ظلم کی وجہ سے۔

۱۱ اس دن جب تم ایک جانب کھڑے ہوگئے، اس دن جب غیر ملکی اسکی دولت لوٹ لئے، اس وقت جب اجنبی اسکے پھاٹکوں میں گھس آئے اور یروشلم کے لئے قرعہ ڈالا۔ تم بھی انکے مانند ان میں سے ایک تھے۔

۱۲ تمہیں اپنے بھائی پر اُنکی بدنصیبی کے دن حقارت کی نظر سے نہیں دیکھنا چاہئے تھا۔ تمہیں یہوداہ کے لوگوں پر انکی تباہی کے دن خوش ہونا نہیں چاہئے تھا۔ تمہیں اُنکی مصیبت کے دن شیخی بگھارنا اور اُن پر ہنسنا نہیں چاہئے تھا۔

۱۳ تمہیں میرے لوگوں کے پھاٹکوں کے اندر انکی آفت کے دن داخل نہیں ہونا چاہئے تھا۔ تمہیں اُنکی آفت کے دن جب وہ نقصان اُٹھا رہے تھے انہیں حقارت کی نظر سے نہیں دیکھنا چاہئے تھا۔ تمہیں انکے آفت کے دن انکی دولت کو ہڑپنے کے لئے اپنے ہاتھوں کو بڑھانا نہیں چاہئے تھا۔

۱۴ تمہیں چوراہے پر انکے لوگوں کو جو کہ بھاگنے کی کوشش کر رہے تھے مارنے کے لئے کھڑے نہیں رہنا چاہئے تھا۔ تمہیں انکے بچے ہوئے لوگوں کو انکو مصیبت کے دن سونپنا نہیں چاہئے تھا۔

۱۵ کیونکہ سبھی قوموں کے خلاف خداوند کا دن نزدیک ہے۔ تمہارے لئے بھی ویسا ہی کیا جائیگا جیسا کہ تم نے کئے تھے۔ تیرا کیا تیرے ہی سر پر واپس آئیگا۔

۱۶ کیونکہ جیسے تم میرے مقدس پہاڑ پر پئے۔ اسلئے تمہارے آس پاس کے سبھی قوم بھی لگاتار میری سزا پیتے رہیں گے اور وہ لوگ اس وقت تک پئینگے اور نگالا کرینگے جب تک کہ انلوگوں کی وجود ختم نہ ہوجائے۔ *

---

**آیت ۱۶** اس آیت کا مطلب ہے یہ ہوسکتا ہے: جیسا کہ قوموں نے خداوند کے پہاڑ پر اپنے فتح کا جشن منانے کے لئے مئے پیا۔ انلوگوں کو خداوند کے قہر کے پیالے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے پینا ہوگا۔

۱۷ کچھ بچے لوگ کوہِ صیّون پر رہے گے ۔ اور صیّون پر ایک مقدّس
جگہ ہو گی۔اور یعقوب کا خاندان اپنا حق حصہّ واپس حاصل کرلیگا۔

۱۸ یعقوب کا خاندان آگ اور یوسف کا خاندان شعلہ ہو گا ، لیکن عیساوٗ
کا خاندان ایک ڈنٹھل ہو گا(جسے فصل کاٹنے کے بعد کھیت میں چھوڑدیا
جاتاہے۔) وہ لوگ اسے جلادینگے اور کھاجائینگے۔ اور عیساوٗ کے خاندان میں
ایک بھی زندہ نہیں بچے گا۔''کیونکہ خداوند نے کہا ہے۔
۱۹ نیگیو کے لوگ عیساوٗ کے پہاڑپر قابض ہوجائے گا ۔ اور مغربی
پہاڑی ترائی کے لوگ فلسطین کے زمین پر قابض ہو جائینگے۔ اور وہ لوگ
افرائیم اور سامر یہ کی زمین کو قبضہ کر لینگے ،اور بنیمین جلعاد پر قابض ہو
جائینگے۔
۲۰ اسرائیلی جلاوطن، اسکی فوج کنعانیوں کی زمین صاریت تک
قبضہ کرلیگا۔یروشلم کا جلاوطن جو کہ سفاراد میں ہیں نیگیو کے شہروں پر قبضہ
کرلیگا۔
۲۱ رہائی پانے والے کوہِ عیساوٗ والوں پر حکومت کرنے کے لئے کوہِ
صیّون پر جائینگے ۔اور بادشاہت خداوند کی ہو گی۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html